DAILY EXPRESS
روزنامہ ایکسپریس اسلام آباد
Thursday, May 1, 2014

خواتین کی شرکت کے بغیر ترقی ممکن نہیں، مرتضیٰ جاوید

سماجی و معاشی شعبوں میں خواتین کی شرکت اور انکے حقوق کا تحفظ حکومت کی ترجیح ہے

اسلام آباد (نامہ نگار) ڈپٹی سپیکر قومی اسمبلی مرتضیٰ جاوید عباسی نے کہا ہے کہ کوئی بھی معاشرہ خواتین کی شرکت کے بغیر سیاسی سماجی اور معاشی میدان میں ترقی نہیں کر سکتا۔ انہوں نے کہا کہ خواتین کے حقوق کا تحفظ اور سماجی اور معاشی شعبوں میں ان کی شرکت کو یقینی بنانا موجودہ حکومت کی اولین ترجیحات میں شامل ہے۔ انہوں نے ان خیالات کا اظہار گزشتہ روز بھوربن میں عورت فاؤنڈیشن کے زیر اہتمام منعقد ہونے والی دوروزہ ورکشاپ سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ ان کا کہنا تھا کہ یہ امر باعث اطمینان ہے کہ ہمارے معاشرے میں خواتین کے حوالے سے رویوں میں خاطر خواہ تبدیلی دیکھنے میں آئی ہے تاہم اس سلسلے میں مزید اقدامات اٹھانے کی ضرورت ہے انہوں نے سیاسی جماعتوں اور سول سوسائٹی کی تنظیموں کو خواتین کے حقوق کے تحفظ کے حوالے سے معاشرے میں شعور اور آگہی پیدا کرنے کی ضرورت پر زور دیا۔ انہوں نے کہا کہ پارلیمنٹ خواتین کو درپیش مسائل سے بھرپور طریقے سے آگاہ ہے اور حالیہ سالوں میں پارلیمنٹ نے خواتین کے حقوق کے تحفظ کے لیے متعدد قوانین پاس کیے ہیں۔